ایران کے صوبہ سیستان و بلوچستان میں سرحدی حفاظت کے لئے تعینات سپاہ پاسدار انقلاب کے جوانوں کی شہادت پر رہبر انقلاب اسلامی کا تعزیتی پیغام - 14 /Feb/ 2019

بسم اللہ الرحمن الرحیم

آلۂ کار مجرموں کے ہاتھ ایک بار پھر نیک صالح اور خدمتگزار جوانوں کے خون میں رنگین ہوئے اور سنگدل اور روسیاہ دہشتگردوں نے ملک کا سرمایہ شمار ہونے والے ان جوانوں کو شہید کیا جنہوں نے خود کو اپنے وطن کی سرحدوں کے تحفظ اور قوم کے امن چین کی پاسداری کے لئے وقف کیا تھا۔شک نہیں کہ اس دہشتگردانہ کاروائی میں ملوث عناصر کا علاقائی اور غیر علاقائی خفیہ ایجنسیوں سے تعلق ہے اور ملک کے مربوطہ اور ذمہ دار ادارے اس نکتے پر مرکوز ہو کر اس پر سنجیدہ نوٹس لیں۔

میں ان مظلوم شہدا کے اہل خانہ اور سپاہ پاسداران انقلاب اسلامی کے عظیم کنبے کو تعزیت و مبارکباد پیش کرتا ہوں اور خداوند عالم سے ان کے لئے صبر و اجر، شہدا کے لئے علو درجات اور زخمیوں کے لئے شفائے عاجل کا طلبگار ہوں۔اس واقعے میں ہونے والی ممکنہ لاپرواہی کی تحقیق بھی سپاہ کا حتمی فرض ہے۔

سیّدعلی خامنہ‌ای

14 فروری 2019